www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi

روزنامہ سہارا ایکسپریس دہلی

SAHARA EXPRESS,DELHI

No-1 SE

TITLE APPLY Vol:01 Issue:17401.07.2025 TUESDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۷۴ رمنگل ریکم رجولائی ۲۰۲۵ رمطابق ر۵ رمحرم الحرام ر۱۴۴۷ھ ر صفحات:08



# کیمیکل فیکٹری میں دھماکہ: تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل

حیدرآباد، 30 جون (یو این آئی) تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج شام شہر کے مضافاتی علاقے سنگاریڈی میں واقع ایک کیمیکل فیکٹری میں پیش آنے والے المناک حادثہ کی بنیادی وجوہات کا جائزہ لینے اور اس کی تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی۔ واضح رہے کہ ضلع سنگاریڈی کے پسوملرام انڈسٹریل ایریا میں واقع سیگاچی انڈسٹریز میں ہونے والے زبردست دھماکے میں 12 افراد ہلاک اور 30 دیگر زخمی ہو گئے تھے جن میں سے 12 کی حالت نازک ہے۔ حکومت کی طرف سے تشکیل دی جانے والی پانچ رکنی کمیٹی میں چیف سکریٹری، ایس پی سی ایس، ڈیزاسٹر مینجمنٹ، پرنسپل سکریٹری (لیبر)، پرنسپل سکریٹری (صحت) اور ایڈیشنل ڈی جی پی (فائر سروسز) شامل ہیں۔ سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ حادثے کی تحقیقات کے علاوہ، یہ کمیٹی اس طرح کے حادثات کو دوبارہ ہونے سے روکنے کے طریقوں پر بھی رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے آج کے المناک حادثے میں جان گنوانے والوں کے لواحقین اور پسماندگان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ نے وزیر صحت، چیف سکریٹری اور ڈی جی پی کو ریسکیو اور ریلیف آپریشن کے لیے تمام کوششیں کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین کی مکمل مدد کا وعدہ کیا۔ مسٹر ریڈی نے چیف سکریٹری کو تمام زخمیوں کے علاج کا خیال رکھنے کی بھی ہدایت دی ہے۔ وزیر اعلیٰ کل اسپتال کا دورہ کریں گے اور متاثرین کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کریں گے۔ تلنگانہ میں ضلع سنگاریڈی کے پسومیلا رام انڈسٹریل ایریا میں سیگاچی انڈسٹریز کے کیمیکل ری ایکٹر میں پیر کی صبح ہونے والے زبردست دھماکے میں اب تک 12 لوگوں کی موت ہو گئی اور 30 دیگر زخمی ہو گئے، جن میں سے 12 کی حالت نازک ہے۔ پولس کے مطابق کیمیکل ری ایکٹر میں دھماکہ ہوا جس سے بڑے پیمانے پر آگ بھڑک اٹھی، جس میں فیکٹری کا بڑا حصہ جل گیا۔ دھماکہ اس قدر زوردار تھا کہ مزدور 100 میٹر تک اچھل کر زمین پر گر گئے۔ حادثے کے وقت تقریباً 108 ملازمین ڈیوٹی پر تھے۔ پانچ مزدور موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ سات دیگر اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسے۔ ایمرجنسی سروسز بشمول 11 فائر گاڑیوں نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا۔ دھماکے سے فیکٹری کی عمارت اور انتظامی بلاک کو بھی شدید نقصان پہنچا۔












